تکنیکی اور طبّی الفاظ

جہاں تک ممکن ہوا ہے، اس کتاب میں آسان اور سادہ الفاظ استعمال کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ ہمیں اُمید ہے کہ اکثر لوگوں کے لیے اس کا استعمال آسان ہوگا۔ کہیں ایسا بھی ہوا ہے کہ ہم نے ایک سادہ لفظ استعمال کیا ہے جبکہ طبّی کارکن عام طور پر اس کی جگہ ٹیکنیکل لفظ (اصطلاح) استعمال کرتے ہیں۔ تاہم تکنیکی الفاظ اور طبّی اصطلاحیں جاننا بھی فائدہ مند ہے۔ نیچے بعض الفاظ کی فہرست دی گئی ہے جو ممکن ہے کہ مڈوائفری کی تربیت کے دوران یا کسی اسپتال یا صحت مرکز میں آپ کے سننے میں آئیں۔ اگر آپ ان الفاظ کا مطلب جاننا چاہتی ہیں تو اس فہرست پر نظر ڈالیں۔ ان الفاظ کی وضاحت کتاب میں مختلف جگہوں پر موجود ہے۔

ایمنیوٹک فلوئڈ (amniotic fluid)

وہ پانی جو یوٹرس کے اندر بچے کے چاروں طرف ہوتا ہے۔

اینستھیسیا (anesthesia)

وہ دوا جو علاج کے لیے جسم کو چیرا لگاتے وقت، درد اور تکلیف کے احساس سے نجات کے لیے دی جاتی ہے۔ جنرل اینستھیسیا وہ دوا ہے جو سرجری (آپریشن) کے دوران مریض کو سلانے کے لیے دی جاتی ہے۔ لوکل اینستھیسیا میں جسم کا صرف ایک حصّہ سُن ہو جاتا ہے۔

بیکٹیریا (bacteria)

انفیکشن پیدا کرنے والے جراثیم۔ بیکٹیریا عام طور پر اینٹی بایوٹک دواؤں سے ہلاک ہوجاتے ہیں۔

بلی روبن (bilirubin)

جگر سے خارج ہونے والی رطوبت (صفرا) یا خون میں موجود ایک کیمیائی مادہ۔ یہ مادہ بہت زیادہ پیدا ہونے لگے تو یرقان کا سبب بن جاتا ہے۔ (جلد اور آنکھیں زرد ہوجاتی ہیں)۔

بائیوپسی (biopsy)

جسم کے کسی حصّے سے رطوبت یا ریشے کا ایک ٹکڑا نکال کر لیبارٹری میں معائنہ کیا جاتا ہے کہ یہ صحت مند ہے یا بیمار۔

باؤل (bowel)

بڑی آنت کا آخری حصّہ، جو مقعد کے پاس ہوتا ہے اور جہاں سے پاخانہ جسم سے خارج ہوتا ہے۔

دورانِ خون / سرکولیشن (circulation)

دل، شریانوں اور وریدوں میں خون کا بہاؤ۔

پیچیدگی / کمپلی کیشن (complication)

پہلے سے موجود مسئلہ جو اُلجھ جائے۔

چھوت کی بیماری / کونٹیجیس (contagious)

وہ بیماری جو ایک انسان سے دوسرے انسان کو لگ جائے۔ یہ بیماری بیکٹیریا یا وائرس سے پھیلتی ہیں۔

یوٹرس کے باہر حمل / ایکٹوپک پریگننسی (ectopic pregnancy)

وہ حمل جو یوٹرس کے باہر کسی بھی جگہ یا بیضہ نالیوں میں ٹھہر جائے۔

جنین / ایمبریو (embryo)

حمل کے شروع میں بچّے کی ابتدائی شکل۔ یہ مرحلہ دوسرے سے آٹھویں ہفتے کے دوران پیش آتا ہے۔

انگیج مینٹ (engagement)

پیدائش سے کچھ دیر پہلے بچّے کے سر کا پیلوس میں اُترنا۔

انگورج مینٹ [engorgement (engorged)]

وہ حالت جس میں بچّے کے جسم کا کوئی حصّہ کسی مائع چیز، عام طور پر خون سے بھر جائے۔ زچگی کے بعد چھاتیوں کا دودھ سے بھر جانا عام بات ہے، جو ماں کے لیے بہت تکلیف دہ ہوتی ہے۔

بیضہ نالیاں یا فلوپیئن ٹیوبس
(fallopion tubes)
وہ نالیاں جو اووریز (بیضہ دانیوں) کو یوٹرس سے ملاتی ہیں۔ عورت کے انڈے (بیضے) ان نالیوں سے گزرتے ہیں۔

بار آوری یا فرٹیلائزیشن (fertilization)
وہ عمل جس میں عورت کا انڈا، مرد کے جرثومے سے مل جاتا ہے۔ حمل کا آغاز۔

فورسیپ (frocep)
ایک طبّی آلہ جو معائنے یا علاج کے لیے وجائنا کو کھولنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ ایک چھوٹے فورسیپ سے پٹھوں یا سلائی کی سوئی کو پکڑنے کا کام کیا جاتا ہے۔ زچگی کے فورسیپ سے بچّے کو باہر نکالنے میں مدد ملتی ہے۔

جنسی اعضا یا جینی ٹلس (genitals)
جسم کے وہ اندرونی اور بیرونی اعضا جو جنسی عمل کے لیے اور بچّہ پیدا کرنے کے لیے استعمال ہوتے ہیں۔ ان میں لب یا لیبیا، وجائنا، عضوِ تناسل اور فوطے شامل ہیں۔

جریانِ خون یا ہیموریج (hemorrhage)
خون کا بہت زیادہ بہنا

ہیموسٹیٹ (hemostat)
ایک طبّی آلہ جو باندھنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ اس کی مدد سے کورڈ کو باندھا جاسکتا ہے تاکہ جب کورڈ کاٹی جائے تو خون باہر نہ آئے۔

جراثیم سے انتہائی پاک / ہائی لیول ڈس انفیکشن
(high level disinfection-HLD)
کسی اوزار یا آلے سے اکثر جراثیم کو دور کرنے کا طریقہ جو اسٹیریلائزیشن کے ذریعے جراثیم سے پاک کرنے کے طریقے سے ملتا جلتا ہے۔ اس کتاب میں جہاں بھی یہ کہا گیا ہے کہ اوزار کو لازماً جراثیم سے پاک (اسٹیریلائز) کیا جائے، اس کا مطلب جراثیم سے انتہائی پاک کرنا ہے۔

آنتیں / انٹیس ٹائن (interstine)
ایک لمبی نلکی (ٹیوب) جس کے ذریعے غذا معدے سے مقعد تک آتی ہے اور پاخانے کی شکل میں خارج ہوتی ہے۔

جارحانہ علاج / انویسیو پروسیجر
(invasive procedure)
علاج کا ایک طریقہ جو جسم کے اندرونی حصّے میں کیا جاتا ہے یا جس میں جِلد کاٹی جاتی ہے۔

گردے / کڈنی (kidneys)
کمر کے نچلے حصے میں دائیں اور بائیں دو بڑے اعضا جو خون میں موجود فاضل مادوں کو پیشاب میں تبدیل کرکے جسم سے خارج کرتے ہیں۔

پٹھوں کے بندھن یا لیگامنٹس (ligament)
انسانی جسم کے وہ مضبوط ریشے جو پٹھوں اور ہڈیوں کو اپنی جگہ رکھتے ہیں۔

جھلیاں / ممبرینس (membrances)
وہ جھلیاں، حمل کے دوران بچّہ اور ایمنیوٹک فلوئڈ جن کے اندر رہتا ہے۔

ماہواری کا نظام / مینس ٹیورل سائیکل
(menstural cycle)
عورت کے جسم میں ایک ماہواری شروع ہونے سے دوسری ماہواری شروع ہونے تک کا وقت اور تبدیلیاں۔ اس میں خون کا آنا، جب عورت بار آور نہیں ہوسکتی، وہ عرصہ جب یوٹرس کی اندرونی سطح پر استر بنتا ہے تاکہ حمل ٹھہر سکے اور عورت کی بیضہ دانی (اووری) سے انڈے کا اخراج شامل ہے۔

ماہواری / مینسوریشین (menstruation)
عورت کے یوٹرس اور اس کی وجائنا سے خارج ہونے والا خون آلود مائع۔ یہ مہینے میں ایک بار ہوتا ہے اور چند روز

جاری رہتا ہے۔

مڈوائف (midwife)

وہ فرد جو عورت کی صحت، خاص طور پر حمل اور زچگی میں اس کی ضرورتوں کا خیال رکھے۔

حمل و زچگی / آبس ٹیٹرک (obstetrics)

حمل اور زچگی میں عورت کی دیکھ بھال سے متعلق علمِ طب کی شاخ۔

کچا بچّہ / قبل از وقت / پری میچور (premature)

مکمل نشوونما سے پہلے۔ وہ بچّہ جو حمل کے 37 ہفتے مکمل ہونے سے پہلے پیدا ہو۔

لٹکنا، گرنا / پرولیپس (prolapse)

جب جسم کا کوئی حصّہ لٹک جائے یا گرجائے۔ جب زچگی کے دوران کورڈ، بچّے سے پہلے باہر آجائے تو اسے کورڈ کا گرنا کہا جاتا ہے۔

آر ایچ فیکٹر (Rh factor)

خون کی ایک قسم جو حمل کے دوران مسائل پیدا کرتی ہے۔ بعض عورتوں کے خون میں ایک خاص پروٹین ہوتا ہے جس کی وجہ سے ان کے خون کو آر ایچ مثبت (+) خون کہا جاتا ہے۔جن کے جسم میں یہ پروٹین نہیں ہوتے ان کے خون کو آر ایچ منفی (-) خون کہا جاتا ہے۔ اگر ایک عورت کا خون آر ایچ مثبت (+) ہو اور اس کے بچے کا خون ''آر ایچ منفی'' (-) ہو (یہ صرف اسی وقت ہوتا ہے جب شوہر کا خون آر ایچ منفی ہو)، تو ایسی عورت کے جسم میں ایسی اینٹی باڈیز پیدا ہوجاتی ہے، جو آئندہ حمل کو روکتی ہیں۔ اگر ایک عورت کا خود بخود اسقاط ہوجائے یا حمل گرجائے اور کوئی وجہ نظر نہ آئے تو آپ کو اس کے خون کا لیبارٹری ٹیسٹ کرانا چاہیے۔ اگر اس کا خون آر ایچ منفی ہو تو آئندہ حمل کے وقت آر ایچ او (ڈی) امیون گلوبیولن نامی دوا سے اس کا علاج کیا جاسکتا ہے تاکہ اس کا بچّہ محفوظ رہے۔

ہاتھ اور ناخنوں کو اچھی طرح دھونا / اسکرب (scrub)

جراثیم سے پاک کرنے کے لیے ہاتھ، ناخن اور کہنیوں تک بازوؤں کو صابن اور پانی سے کئی منٹ تک اچھی طرح دھونا۔

جراثیم سے پاک کرنا / اسٹیریلائز (sterilize)

کسی چیز کو جراثیم سے اچھی طرح پاک کرنے کا طریقہ۔ علاج کے لیے جسم کے اندر استعمال ہونے والے یا جلد کو کاٹنے والے آلات کو اسٹیرالائز یا انتہائی درجے تک جراثیم سے پاک (HLD) کرنا چاہیے۔

ٹشو (tissue)

وہ مواد جس سے جسم کے پٹھے، چربی اور دسرے اعضا بنتے ہیں۔

یوٹرس (رحم یا بچہ دانی) (uterus or womb)

عورت کے جسم کے اندر وہ حصّہ جہاں سے ماہواری آتی ہے اور جہاں حمل کے دوران بچّے کی نشوونما ہوتی ہے۔

وائرس (virus)

جرثومہ جو انفیکشن اور بیماری کا سبب بنے۔ وائرس کو اینٹی بایوٹکس دواؤں سے ختم نہیں جاسکتا، لیکن اب کچھ نئی دوائیں ملتی ہیں جن سے بعض اقسام کے وائرس سے پیدا ہونے والی بیماریوں کا علاج ہوجاتا ہے۔